بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دوازدہ نام باری تعالیٰ

مع آیت کریمہ

من تالیفات

از فقیر سید محبوب علی شاہ قادری

غوثیہ طیبہ کالج دیپال پور ضلع اوکاڑہ

(۲۰۰۵-۱۱-۲۴)

دوازدہ نام باری تعالیٰ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ○ اِھْیًا اِشْرَاھِیًا اَصْبَاؤُتْ اِھْیًا بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ اَلَا اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرِ یَاحَیُّ شَیْئًا وَلَا تَلْئِبُوْنَ یَنْتَظِرُوْنَ. یَا اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰالِمِیْنَ. لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلَ اللّٰہِ. فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ. اَلَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْئًا وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ. وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ اَنْ تُسَھِّلْ عَلَیَّ کُلَّ عُسْرٍ رَبِّیْ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ وَیَاخَیْرَ النَّاصِرِیْنَ. عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَابَکْتَانُوْشِ الْمَلِکِ الْجَیْشِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ بِحَقِّ اَلْوَحِیْ اَبُوْکَ حَمْھُوْدَکَ اَتَاجُ الْمَلَکِ اَجْلاً اَجْلاً اَجْلاً بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

ان دوازدہ نام باری تعالیٰ کی خاصیات بے شمار ہیں۔

لیکن یہاں یہ چند خواص تحریر ہیں۔

اسناد دوازدہ نام باری تعالیٰ

خاصیت اوّل (۱)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ؛ سے روایت ہے کہ اگر کوئی پندرہ روز تک یہ دوازدہ نام لکھ کر دھو کر پیئے اللہ کے کرم سے نامرد ہو تو مرد ہو جائیگا۔

خاصیت دوم (۲)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو کوئی ہر روز پانچ بار یہ دوازدہ نام ہر نماز کے بعد پڑھے جملہ ارواح اس کی مسخر ہو جائیں گی۔

خاصیت سوم (۳)

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اگر کسی کا کوئی دشمن ہو اور غالب ہو اور چاہے کہ دشمن مقہور ہو جائے تو یہ دوازدہ نام اور سورت نوح کچی اینٹ پر لکھے اس کو کفن دیکر اس پر نماز جنازہ پڑھ کر ویران کنویں میں ڈال دے۔ چار پانچ روز گزریں کہ وہ دشمن فوت ہو جائے۔

خاصیت چہارم (۴)

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ اگر کسی کی نیند اپنی محبت باندھنا چاہے تو ایک دھاگہ برنگ زرد قد آدم کے برابر لیکر اس پر چالیس گرہ دے اور ہر گرہ پر ایک ایک بار دوازدہ نام پڑھے اور زمین میں دفن کرے۔ فوراً مطلوب کی نیند بستہ ہوگی۔

خاصیت پنجم (۵)

حضرت شفیق بلخیؒ سے روایت ہے کہ جو کوئی چالیس روز تک بھنگرہ سیاہ پر سو مرتبہ روزانہ دوازدہ نام دم کر کے کھایا کرے تو عالم غیب کا نظارہ کرے۔

خاصیت ششم (٦)

حضرت خالد بن ولیدؓ سے روایت ہے کہ جو کوئی چاہے کہ کواکب مسخر ہو جائیں۔ ہر شب جمعہ کو ہزار بار یہ دوازدہ نام پڑھے۔ کواکب اس کے مسخر ہو جائیں گے۔

خاصیت ہفتم (۷)

اگر کوئی آفتاب و مہتاب کو مسخر کرنا چاہے تو ہر شب جمعہ کو ہزار مرتبہ پڑھا کرے سب آفتاب و مہتاب مسخر ہو جائیں گے۔

خاصیت ہشتم (۸)

حضرت سعد بن سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو کوئی کسی عورت کی شہوت بستہ کرنا چاہئے۔ ان دوازدہ نام کو لکھ کر زمین میں دفن کرے عورت کی شہوت بستہ ہوگی۔

خاصیت نہم (۹)

حضرت ابودجانہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اگر عورت بانجھ ہو تو یہ دوازدہ نام مشک اور زعفران سے لکھ کر روزانہ ایک ایک تعویذ پلائے اسی سے افطار اور سحر کرے اور پندرہ روزے رکھے۔ پندرہ روزے کے بعد عورت مرد کے نزدیک جائے فرزند عطا ہوگا بامر اللہ تعالیٰ اگر اس سے قبل ہزار تعویذ اور علاج کیلئے ہوں۔ اس سے ضرور غرض حاصل ہوگی اور اولادِ نرینہ عطاء ہوگی۔ خزانہ جلالی میں بھی اسی طرح لکھا ہے۔

خاصیت دہم (۱۰)

اگر کسی لڑکے کو آسیب ہو اور یہ معلوم نہ ہوتا ہو کہ آسیب ہے کہ نہیں ہے۔ تو ایک گول انگشتری لیکر مریض پر سر سے پیر تک سات مرتبہ ملے۔ پھر نصف سیر دودھ اور نصف سیر ماش لیکر اس انگشتری سمیت دیگچہ میں ڈال کر آگ پر رکھے اور تین مرتبہ دوازدہ نام دم کرے۔ اگر خون ہو جائے تو آسیب ہے اور اگر نہ ہو تو نہیں ہے۔

خاصیت یازدہم (۱۱)

حضرت عبداللہ سے روایت ہے کہ جو عورت حاملہ ہو اور حمل کو ایک دو ماہ گزر جائیں اور تیسرے ماہ میں قند پر یا روٹی پر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور عورت کو کھلائے تو اللہ کے حکم سے اگر لڑکی ہو تو لڑکا ہوگا۔

خاصیت دوازدہم (۱۲)

اگر عورت کا خام بچہ گر جاتا ہو تو ایک سپاری چھالیہ لیکر اس پر یہ دوازدہ نام گیارہ مرتبہ دم کرے اور سوراخ کر کے گلے میں ڈالدے تو اللہ کے حکم سے خام بچہ نہ گرے گا۔

خاصیت سیزدہم (۱۳)

خواجہ ابو جعفر بدایونی سے روایت ہے کہ اگر کسی کو سنپات کا عارضہ ہو تو کسی خوردنی چیز پر ستر مرتبہ پڑھے اور دم کرے اور کھلائے تو شفاء ہوگی۔

خاصیت چہاردہم (۱۴)

حضرت خواجہ معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ چالیس رات متواتر یہ دوازدہ نام

ہزار مرتبہ پڑھے تو بادشاہ پریاں مسخر ہوگا۔

خاصیت پانز دہم (۱۵)

اگر اپنے دشمن کو ہلاک کرنا چاہے تو دو پرانی قبروں کے درمیان کھڑے ہو کر چوبیس مرتبہ یہ دوازدہ نام پڑھے اور چند روز ملازمت کرے تو دشمن ہلاک ہوگا۔

خاصیت شانز دہم (۱۶)

اگر کوئی حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات کرنا چاہے تو ستر مرتبہ یہ دوازدہ نام پڑھے حضرت خضر علیہ السلام کی زیارت نصیب ہوگی۔

خاصیت ہفتدہم (۱۷)

اگر کوئی حاضرات کرنا چاہے تو دختر نابالغ کا ہاتھ پکڑ کر اس پر یہ دوازدہ نام پچاس مرتبہ دم کرے اس لڑکی پر پریاں حاضر ہونگی جو چاہے ان سے سوال کرے۔

خاصیت ہژدہم (۱۸)

اگر عورت اور مرد کے درمیان سازواری کرنا چاہے تو یہ دوازدہ نام لکھ کر دونوں کو پلائے محبت جانی کمال ہوگی۔

خاصیت نوزدہم (۱۹)

اگر کوئی قرض دار ہو تو ان دوازدہ نام کو کثرت کے ساتھ پڑھے قرض بآسانی ادا ہوگا۔

خاصیت بیستم (۲۰)

اگر کسی کو بیماری سے شفاء نہ ہوتی ہو تو یہ دوازدہ نام لکھ کر پلائے فی الحال صحت ہوگی۔

خاصیت بیست و یکم (۲۱)

اگر کسی کو درد دانت ہو تو یہ دوازدہ نام پڑھ کر دم کرے باذن اللہ صحت ہوگی۔

خاصیت بیست و دوم (۲۲)

جو کوئی ہر نمازِ مغرب کے بعد یہ دوازدہ نام تیرہ مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ اس کے تمام کام آسان ہوں اور کشائش حاصل ہو۔

خاصیت بیست و سوم (۲۳)

جو کوئی یہ دوازدہ نام کثرت سے پڑھے مہتر سلیمان علیہ السلام کی خواب میں زیارت حاصل ہو۔

خاصیت بیست و چہارم (۲۴)

جو کوئی یہ دوازدہ نام بے ناغہ ملازمت کرے اللہ کے کرم سے تمام خلائق کی نظر میں عزیز ہوگی۔

خاصیت بیست و پنجم (۲۵)

جو کوئی یہ دوازدہ نام روزانہ ورد رکھے۔ جو جو اس کو دیکھے اس کی محبت میں مبتلا ہو کر حاضر ہو۔

خاصیت بیست و ششتم (۲۶)

جو کوئی ان دوازدہ نام کی ملازمت کر لے۔ حضرت رسالت پناہ ﷺ کا فرمان ہے کہ اس وقت تک اس کو موت نہ آئے گی جب تک اللہ رب العزت کا دیدار نہ کر لے۔

خاصیت بیست و ہفتم (۲۷)

جو کوئی ان دوازدہ نام کو ورد رکھے اگر فقیر و مسکین ہو تو جلد غنی ہو جائے۔

خاصیت بیست و ہشتم (۲۸)

جوکوئی یہ دوازدہ نام روٹی پر دم کر کے عورت کو کھلائے اگر کرنگ خشک شدہ ہوتو ہرا ہو کر تازہ اور سلامت ہوجائے۔

خاصیت بیست ونہم (۲۹)

خواجہ ابوجعفر بدایونی رحمتہ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ اگر کوئی شخص کیمیا کا شائق ہوتو اس کو چاہئے کہ دوازدہ نام باری تعالیٰ کو روزانہ ستر مرتبہ بارہ روز تک مع درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے تو کیمیا غیب سے تعلیم ہوگی۔ مجرب شدہ ہے جس کا جی چاہے کر کے دیکھ لے کیمیا ضرور حاصل ہوگی۔

خاصیت سی ام (۳۰)

اگر کسی کی چیز گم ہوجائے تو اس کو لازم ہے دوازدہ نام باری تعالیٰ کو پڑھنا شروع کرے اور ایک طباق اپنے سامنے رکھے اور پڑھنا شروع کرے تو طباق روانہ ہوکر جہاں وہ چیز ہوگی اس جگہ پہنچ جائے گا۔

خاصیت سی ویکم (۳۱)

لیکن تمام عملیات سے اوّل دوازدہ نام باری تعالیٰ کو سوا لاکھ مرتبہ چند روز پر تقسیم کرکے پڑھے۔ پھر جو جو کام عمل کرے گا وہ سب صحیح ہونگے۔ الغرض جو بھی کام چاہے ان دوازدہ نام باری تعالیٰ سے کرسکتا ہے۔ مجرب ہے۔

ختم شد خواص دوازدہ نام باری تعالیٰ

خاصیت آیت کریمہ

آیت کریمہ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ. جاننا چاہئے کہ یہ آیت سیفی ہے۔ جو کوئی اس آیت کو اوّل زکوٰۃ پچاس ہزار ایک سو پچیس مرتبہ ایک نشست میں پڑھے اور حضور ﷺ کی ارواح مبارکہ کو بخشے اور طعام پکا کر سات نمازیوں کو کھلا دے۔ تو اس کی زکوٰۃ ادا ہوگی۔ پھر روزانہ ورد بلا ناغہ بوقت صبح ایک سو پچیس مرتبہ ہمیشہ پڑھے۔ کبھی قضاء نہ کرے۔ جو چیز خدا تعالیٰ سے چاہے عطا ہو اور اس کی دعا قبول ہوگی۔ تمام خلق اللہ مسخر اور مہربانی ہوگی اور ہر میدان میں فتح ہوگی، دشمن مغلوب ہونگے اور اس آیت سیفی کا پڑھنے والا ہمیشہ اللہ کی حفاظت میں رہے گا اور اللہ تعالیٰ ہر رات کو ستر ہزار فرشتے اس پر نگہبان کرے گا۔

خاصیت الحب (۱)

اگر کوئی معشوق کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہے تو جمعرات کے روز سے آغاز کرے اور ایک ہفتہ تک روزانہ ہزار مرتبہ پڑھے۔ اللہ کے حکم سے ایسا محبت میں مبتلا ہو کہ اس کے دیکھے بغیر آرام وقرار نہ آئے۔ لیکن لازم ہے کہ اتنے روز روٹی بے نمک کھائے تا کہ مقصود حاصل ہو۔

خاصیت بستن بول (۲)

اگر چاہے کہ کسی کا پیشاب بند ہو جائے تو ایک ہزار مرتبہ ایک ہزار نخود سیاہ پر ہر دانہ پر ایک ایک بار پڑھے اور کوزہ میں ڈال دے۔ اسی طرح دو تین روز تک روزانہ اسی تعداد میں پڑھا کرے۔ تو اس کا پیشاب بند ہو جائے اور وہ حاضر ہو کر اطاعت کرے۔ اور جب چاہے کہ خلاصی ہو تو ان نخود کو دودھ سے دھوئے اور خشک کر کے فقیروں میں تقسیم کر دے تا کہ وہ

خلاص ہو جائے۔ اگر چاہے کہ وہ اسی تکلیف میں فوت ہو جائے تو آگ کے نیچے دفن کرے تین روز میں فوت ہو جائیگا لیکن خوف خدا لازم ہے۔

خاصیت استخارہ (۳)

اگر کوئی شخص بہت دور گیا ہو اور لا پتہ ہو اور کوئی خیر خبر حیات و ممات کی نہ ہو تو شب جمعہ کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھے جو کچھ بھی اس کی خبر ہوگی۔ مراقبہ خواب گاہ میں آواز آجائے گی۔ اس پر عمل کرے۔ آزمودہ ہے۔

خاصیت دریافت دزد (۴)

اگر کسی کی کوئی چیز چوری ہوگئی ہو تو شبِ دوشنبہ کو غسل کرے اور نصف رات کو اٹھ کر تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ (۳۱۲۵) پڑھے اور اپنے زانو پر سر رکھ کر سو جائے بکرم اللہ تعالیٰ آواز آئے گی کہ مال فلاں جگہ ہے یا چور فلاں ہے۔

خاصیت تسخیر (۵)

اگر اس آیت کریمہ آیت سیفی کی اوّل زکوٰۃ ادا کرے پھر اعتقاد درست کے ساتھ ایک سو پچیس مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ تو چالیس روز بعد مؤکلات سے ملاقات حاصل ہوگی اور وہ اس کی خدمت میں حاضر ہو کر ہر قسم کی خدمت کریں گے۔ اور چالیس روز بعد حضور اکرم ﷺ کی ملاقات میسر ہوگی۔ لیکن لازم ہے کہ خوشبو اور عنبر وغیرہ ہمیشہ اپنے پاس رکھے پھر تو اس قدر شور اور غوغا مسخر ہوگا کہ جملہ خلقِ خدا مہربان و مطیع ہو کر حاضر ہوگی کہ اگر حجرہ میں قفل لگا کر بھی بیٹھا ہوگا تو خلق اللہ جمع ہو کر دروازہ توڑ کر اس سے ملاقات کر کے اطاعت کرے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

دعوت سہ ۳ اسماء باری تعالیٰ برائے فتوحات

معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء صفاتی لاتعداد ہیں۔ لیکن یہاں صرف چند اسماء کا طریقۂ دعوت درج کیا جاتا ہے۔ جو کہ کشائش اور فتوحات کیلئے لاثانی ہیں۔

اسم اوّل یَا بَاسِطُ

اسم دوم یَاوَھَّابُ

اسم سوم یَارَزَّاقُ

دعوت اوّل اسم اوّل یَا بَاسِطُ

اگر چاہے کہ برتن سے غلہ کم نہ ہو چاہے کتنا بھی اس سے نکالے کم نہ ہو اور اتنا ہی رہے۔ تو غلہ ڈالتے وقت اگر غلہ زیادہ ہو تو ہر سو من پر اور اگر کم ہو تو ہر ایک من پر ہزار مرتبہ اور اگر اس سے بھی کم ہو تو ہر سیر پر ایک سو مرتبہ اور اگر اور بھی کم ہو تو ہر سیر پر ایک ہزار مرتبہ اسم یَابَاسِطُ پڑھے اور دم کر کے برتن میں محفوظ رکھے اور نکالتے وقت پانچ سو مرتبہ یَا بَاسِطُ اسم پڑھ کر نکالے۔ اللہ کے حکم سے اتنی برکت ہوگی کہ قیاس سے باہر ہے۔ لیکن چاہئے کہ ہاتھ سے نکالے برتن کو نہ اُلٹائے اور سارے دانوں کو ننگا نہ کرے۔ اور بروقت قرأت اسم یَا بَاسِطُ دونوں آنکھوں کے سامنے لکھ کر رکھے۔

دعوت دوم اسم اوّل یَا بَاسِطُ

اگر تین اربعین تک روزانہ بہتر ہزار (۷۲۰۰۰) مرتبہ پڑھا کرے عامل کامل اکبر ہوگا اگر نہ کر سکے تو بارہ ہزار مرتبہ (۱۲۰۰۰) روزانہ پڑھے۔ اگر اتنا بھی نہ کر سکے تو سات ہزار دو سو

(۷۰۰) مرتبہ پڑھے بلاناغہ۔ تو اپنے مطلوب کو پالے گا اور کمال حاصل ہوگا۔

دعوت اوّل اسم دوم یَا وَھَّابُ

اگر کوئی چاہے کہ وصول ارزاق اور فتوحات اس کو پے در پے حاصل ہوں۔ تو اسم یَاوَھَّابُ کو ایک اربعین تک ہر روز نہر جاری پر بیس ہزار مرتبہ پڑھے۔ اور چالیس عدد ریوڑی اپنے پاس رکھے۔ اور جس جگہ چیونٹیوں کا سوراخ ہو اس کے پاس بیٹھے اور ہر دو ہزار کے بعد دو ریوڑیوں پر پھونک مار کر ایک کو نہر میں پھینکیں اور ایک کو سوراخ میں ڈالدیں۔ جب اربعین ختم ہو جائے تو ہر روز ایک ہزار چار سو مرتبہ بلاناغہ پڑھا کرے۔ اور برزخِ حروف آنکھوں کے سامنے رکھے۔ تو اتنی فتوحات ہوگی کہ اس کے سنبھالنے سے عاجز ہوگا۔

ایضاً طریق دعوت اسم یَا وَھَّابُ

بزرگانِ دین کے نزدیک یَـا وَھَّابُ اسم اعظم ہے۔ ہر حاجت دینی اور دنیاوی کیلئے معمول ہے۔ خصوصاً وسعتِ رزق میں اکسیر ہے۔ عدد اکبر الکبائر چودہ لاکھ مرتبہ ہے۔ ترکِ حیوانات جلالی اور جمالی کے ساتھ خلوت خانہ میں مکمل کرے۔ کشائشِ رزق اتنی ہوگی کہ مخلوقات کی حاجت نہ رہے گی۔ لیکن مخلوق کی استعانت بکثرت میسر ہوگی۔ اور چاہیئے کہ ایک چلہ میں تعداد چودہ لاکھ مکمل کرے۔ ورنہ تین چلہ میں یہ تعداد مکمل کرے اس کے بعد ہر روز ایک ہزار مرتبہ بلاناغہ پڑھا کرے۔

ایضاً طریقِ ختم اسم یَا وَھَّابُ

اسم یَـــا وَھَّـــابُ کا ختم ہر حاجت اور مقصد دینی اور دنیاوی کیلئے مجرب ہے۔ چاہیئے کہ روز جمعرات کو روزہ رکھے اور جامہ پاکیزہ پہنے اور عطر وغیرہ لگائے۔ پھر چار رکعت نماز پڑھے۔

ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیت الکرسی ایک بار سورت اذا جاء پچیس مرتبہ پڑھے بعد سلام سو مرتبہ درود شریف اور سو مرتبہ سورت فاتحہ پڑھے۔ پھر اسم یَـا وَهَّـابُ ایک مجلس میں چالیس ہزار بار پڑھے۔ پھر اپنی توفیق کے مطابق شیرینی تقسیم کرے۔ دورانِ عمل عود اپنے پاس سلگا کر رکھے۔ اور اپنی حاجت اللہ سے طلب کرے۔ البتہ مستجاب ہوگا۔ اگر سعید ہوگا تو ایک ہی ختم میں حاجت پوری ہوگی۔ اگر شقی اور فاسق ہوگا تو تین ختم کرے۔ روزانہ مسلسل۔ اللہ کے کرم سے مہم کفایت ہوگی۔ اسم یَا وَهَّابُ گنج عظیم ہے۔ اس میں شک نہ لائے ورنہ کافر ہوگا۔

دعوتِ سُلیمانی

بزرگوں سے روایت ہے کہ تمام پیغمبروں اور اولیاء کو کرامات اور عنایات خوارقِ عادات اسم یَـا وَهَّـابُ کی برکت اور تجلی سے عطاء ہوئی ہیں۔ اور روایت ہے کہ جب مہتر سلیمان علیہ السلام نے عرض کی کہ الٰہی و مولائی تیرے دربار میں کیا وسیلہ لایا جائے۔ تو فرمان ہوا کہ اسم یَا وَهَّابُ کا شغل کریں۔ پس چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد بائیس مرتبہ اسم یَا وَهَّابُ پڑھے۔ اگر حاجت ضروری پیش آئے تو بوقت نیم شب اٹھے اور غسل کرکے اور لباس پاکیزہ پہن کر خوشبو لگا کر دو نفل پڑھے اور دو رکعت میں ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ لایـلاف پچیس مرتبہ پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورہ اذا جـاء پچیس مرتبہ پڑھے۔ بعد از سلام سر برہنہ کرکے کھڑے ہوکر ورنہ بیٹھ کر ایک ہزار اور چالیس و یکبار مرتبہ اسم یَـا وَهَّـابُ پڑھے۔ حاجت پوری ہوگی۔

حصولِ سلطنت وغیرہ

اگر غرض سلطنت کا حصول ہو تو چودہ لاکھ مرتبہ پڑھے اور جب لاکھ مکمل ہو تو ہر لاکھ کے بعد شیرینی وغیرہ تقسیم کرے۔ اور ارواح پیغمبراں کو نذرانہ کرے اور ان سے مدد چاہے۔ اور ترکیب پڑھنے کی یہ ہے کہ بعد نمازِ ظہر بروز بدھ شروع کرے اور سات ٹکڑے شیرینی اپنے پاس رکھے۔ اور ہر رات اور دن کو جتنا ہو سکے پڑھے اور اپنی مرضی سے تعداد مکمل کرے۔

اور نقشِ اسمِ یَا وَھَّابُ اپنے پاس رکھے۔ نقش یہ ہے:

۴	۹	۱
۲	۵	۷
۸		۶

ایضاً طریق دعوت اسم یَا وَھَّابُ

اگر چاہے کہ محتاجگی دور ہو اور غنی ہو جائے تو اسم یَا وَھَّابُ کو چالیس روز تک چار ہزار چار سو چالیس مرتبہ بلا ناغہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہفتہ کے اندر ہی کشائش ہوگی۔

ایضاً طریقِ دعوت اسم یَا وَھَّابُ

یہ دعوت بھی حضرت سلیمان علیہ السلام سے منقول ہے۔ اوّل و آخر درود شریف دس دس مرتبہ پڑھے۔ درمیان میں اسم یَا وَھَّابُ ایک سو مرتبہ پڑھے۔ اور پھر دس دس مرتبہ اوّل و آخر اسم یَا وَھَّابُ کے یہ قسم پڑھے۔ یَا رَفْتَمَائِیْلُ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَغْنِنِیْ بِحَقِّ یَا وَھَّابُ ۔ اور چالیس دن تک ترکِ حیوانات جلالی و جمالی کرے۔ بعد ایک ہزار مرتبہ اسم یَا وَھَّابُ روزانہ پڑھا کرے۔ بوقت فجر یا بوقتِ ظہر اور یہ نقش ہمیشہ اپنے پاس رکھے۔

تا کہ تمام تاثیر ظاہر ہو۔ نقش یہ ہے۔

یفع عحح	اح شفے	عحح الد	شفیع الد	عحححح	عحححح	
عحححح	عحححح	عحححح	عحححح	عحححح	عحححح	عحححح

ایضاً زکوٰۃ اسم یَا وَھَّابُ

بارہ روز تک پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ ہر روز پندرہ ہزار مرتبہ پڑھے۔ تین ہزار رات کو اور بارہ ہزار دن کو۔ پھر سجدے میں جا کر ستر مرتبہ یَـا وَھَّـابُ پڑھا کرے۔ پھر بیٹھ کر چار مرتبہ یہ دُعا پڑھا کرے۔ پس غنی ہوگا۔ اَللّٰہُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اَللّٰہُ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمُ اَللّٰہُ الْـمَـلِکُ الْقُدُّوْسُ اَللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ اَللّٰہُ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ اَللّٰہُ الْکَافِیُ الْغَنِیُّ اَللّٰہُ الْفَتَّاحُ الرَّزَّاقُ.

ایضاً ترتیب زکوٰۃ اسم یَا وَھَّابُ

طریقہ دیگر برائے زکوٰۃ اسم یَا وَھَّابُ جو حصولِ غناء کے لئے اکسیر ہے۔ یہ ہے کہ چالیس روز تک ہر روز بارہ ہزار چار سو اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ اور روزانہ مؤکلات کو اس طرح قسم دے یَـا رَفْتَـمَائِیْلُ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَغْنِنِیْ بِحَقِّ یَاوَھَّابُ۔ اور کھیر پانچ کلو پکا کر تقسیم کرے اور فاتحہ شاہ محمد غوث گوالیاری کی دلائے۔ بے شمار تسخیر خلق ہوگی اور کشائشِ رزق ہوگی۔

زکوٰۃ کبیر اسم یَاوَھَّابُ

اگر زکوٰۃ کبیر کا ارادہ کرے تو ترکِ حیوانات جلالی و جمالی سے تین سو ساٹھ روز تک روزانہ چودہ ہزار مرتبہ اسم یَـاوَھَّـابُ پڑھا کرے۔ اور جب کوئی حاجت ہوتو اکتالیس ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے۔ حاجت دینی و دنیاوی حاصل ہوگی۔

دعوت اسم یَارَزَّاقُ

اگر چاہے کہ وصولِ رزق اور فتوحات تم پر بیشمار ہوں تو اکیس روز تک روزانہ اکیس ہزار مرتبہ کسی باغ میں پھل دار درخت کے نیچے کہ جسکا پھل شیریں ہو بیٹھ کر پڑھا کرے۔ اور اکیس دانہ مویز اپنے پاس رکھے اور ہر ہزار کے بعد ایک دانہ پر دم کیا کرے۔ اور روزانہ چھوٹے بچوں میں تقسیم کر دیا کرے۔ وقتِ خواندان برزخِ حروف اپنے سامنے رکھا کرے۔ وصول فتوحات کیلئے کبریتِ احمر ہے اور عجب تاثیر رکھتا ہے۔

مختصر تعارف:

جناب فقیر سید محبوب علی شاہ قادری دہلوی صاحب مدظلہ العالی

از قلم: پروفیسر سید محمد شاہ صائم قادری

نام: سیّد محبوب علی شاہ بخاری **عرفیت:** نور اللہ شاہ

القاب عطا شدہ از پیر و مرشد: پیر محبوب الٰہی، مخدوم

ولدیت: سید عثمان علیشاہ بخاری **نسب:** سادات بخاری

تاریخ پیدائش: ۶ جون ۱۹۰۳ء **مقام پیدائش:** دہلی

ابتدائی تعلیم: ایف۔اے، فاضل عربی، فاضل فارسی

فنی تعلیم: کامل الطب والجراحت (دہلی)، ایم۔بی۔بی۔ایس ہومیو (کلکتہ)، شمس الاطباء (لاہور)، سراج الاطباء (گجرات)

لسانیاتی مہارت:

اردو، عربی، فارسی، پنجابی، ہندی، گورمکھی، سنسکرت، گجراتی، مراٹھی وغیرہ۔

طبی استاد: حکیم عبدالوہاب انصاری عرف نابینا صاحب دہلویؒ

قیام بخدمت استاد: تقریباً آٹھ سال

سلسلہ قادریہ غوثیہ بانوا کے مرشد گرامی کا اسمِ مبارک:

سیّد محمود علی شاہ عرف قل ہو اللہ شاہؒ المدفون بھڑوچ گجرات (بھارت)

تاریخ حصول خلافت سلسلہ قادریہ غوثیہ بانوا:

محرم الحرام ۱۳۵۰ھ بمقام (بھڑوچ)

زمانہ سیر و سیاحت ریاست ہائے برّصغیر و ایران و عراق و شام و سعودی عرب و مصر و افریقہ و فلسطین وغیرہ و حصول سعادت ہائے حج: ۱۹۳۹ء تا ۱۹۵۶ء

قیام بمقام مصر: ۷ سال

آمد پاکستان: ۱۹۵۶ء

اسماء مرشدان گرامی مع سلاسل کہ ازخود ازراہ سفقت و فیض خلافت و اجازت خصوصی سے سرفراز فرمایا:

سلاسل	اسماءِ مشائخ
قادریہ شطاریہ:	سیّد مسعود علی شاہؒ
قادریہ سہروردیہ:	سیّد شرف الدین مصطفٰیؒ
چشتیہ صابریہ:	سید پیر محمد شاہؒ
نقشبندیہ مجددیہ:	سیّد کرم حسین شاہؒ

اولاد:

(۱) سیّد محمد شاہ صائم قادری (۲) سیّد عابد علی شاہ موج دریا قادری

(۳) سیّد ابو صالح شاہ چمن صمدانی قادری (۴) سیّد ابو سعید شاہ گلشن قادری

زیر سرپرستی ادارے:

آستانہ عالیہ محبوبیہ قادریہ غوثیہ بانوا دیپالپور

انجمن فیضانِ غوثیہ (رجسٹرڈ) دیپالپور — غوثیہ طبیہ کالج دیپالپور

غوثیہ ہومیو پیتھک میڈیکل کالج دیپالپور — غوثیہ لاء کالج دیپالپور

دواخانہ معدنِ شفاءِ سادات دیپالپور — ماہنامہ محبوب طبّ دیپالپور

صائم اکیڈمی پبلک سکول دیپالپور — باہو ہومیو پیتھک میڈیکل کالج کمالیہ

غوث صمدانی فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) پاکستان — ماہنامہ صمدانی ڈائجسٹ دیپالپور

معدن شفاء سادات (پرائیویٹ) لمیٹڈ دیپالپور

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تاریخ وصال ۔ ۹ اشعبان المعظم ۱۴۳۵ ہجری بمطابق 18 جون 2014 بروز بدھ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَصلُھَا ثَابِت" وَّفَرعُھَا فِی السَّمَآء

شجرہ شریف بطریقۂ واسطہ

خلافت سلسلہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانوا

	اسماء مشائخ گرامی	مقام مزار
۱	الٰہی بحرمت فقیر سید محبوب علی نور اللہ شاہ بانوا	مدظلہ العالی
۲	الٰہی بحرمت فقیر سید محمود علی شاہ قل ھو اللہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
۳	الٰہی بحرمت فقیر سید فضل معصوم علی صل علیٰ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
۴	الٰہی بحرمت فقیر سید تبارک اللہ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	کاٹھیاواڑ گجرات بھارت
۵	الٰہی بحرمت فقیر سید بسم اللہ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
۶	الٰہی بحرمت فقیر سید گلاب علی شاہ بانواہ رحمۃ اللہ علیہ	لکسر گجرات بھارت
۷	الٰہی بحرمت فقیر سید یتیم علی شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	لکسر گجرات بھارت
۸	الٰہی بحرمت فقیر سید اولیٰ یقین شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بھروچ گجرات بھارت
۹	الٰہی بحرمت فقیر سید محمد تقی شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	دکھن حیدر آباد بھارت
۱۰	الٰہی بحرمت فقیر سید محمد مظفر شاہ بانوا رحمۃ اللہ عایہ	بمبئی بھارت

پونا بھارت	الٰہی بحرمت فقیر سید اولیٰ حسین شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	۱۱
لکسر گجرات بھارت	الٰہی بحرمت فقیر سید وہاب شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	۱۲
لکسر گجرات بھارت	الٰہی بحرمت فقیر سید حاجی قاسم سغری شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	۱۳
سورت بھارت	الٰہی بحرمت فقیر سید قادر الاولیاء شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	۱۴
لکسر بھارت	الٰہی بحرمت فقیر سید محمد حلیم شاہ بھنڈاری بانوا رحمۃ اللہ علیہ	۱۵
لکسر بھارت	الٰہی بحرمت فقیر سید نخیان شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	۱۶
دیو گڑھ باریہ بھارت	الٰہی بحرمت فقیر سید سیف اللہ شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	۱۷
حیدر آباد دکھن بھارت	الٰہی بحرمت فقیر سید موسیٰ پیر اگ شاہ بانوار حمۃ اللہ علیہ	۱۸
بھڑوچ گجرات بھارت	الٰہی بحرمت فقیر سید حسن شاہو بانوار حمۃ اللہ علیہ	۱۹
بغداد شریف عراق	الٰہی بحرمت فقیر سراج الدین سید عبدالجبار شاہ گیلانی بانوار حمۃ اللہ علیہ	۲۰
بغداد قدیم عراق	الٰہی بحرمت فقیر سید نورالحق عین اللہ شاہ بانوا رحمۃ اللہ علیہ	۲۱
بغداد شریف عراق	الٰہی بحرمت فقیر سید محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	۲۲
واسطہ بغداد عراق	الٰہی بحرمت فقیر سید ابو سعید محمد مبارک مخزومی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	۲۳

۲۴	الٰہی بحرمت فقیر سید ابوالحسن علی ہنکاری اہلِ قریش بانوا رحمۃ اللہ علیہ	ہنکار شریف عراق
۲۵	الٰہی بحرمت فقیر علاوالدین ابوالفرح ابن یوسف طرطوسی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	طرطوس عراق
۲۶	الٰہی بحرمت فقیر عبدالواحد عزیز یمنی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۲۷	الٰہی بحرمت فقیر ابوبکر شبلی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۲۸	الٰہی بحرمت فقیر حضرت جنید بغدادی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۲۹	الٰہی بحرمت فقیر ابوالحسن سری سقطی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۰	الٰہی بحرمت فقیر معروف کرخی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۱	الٰہی بحرمت فقیر داؤد طائی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۲	الٰہی بحرمت فقیر حبیب عجمی بانوا رحمۃ اللہ علیہ	بغداد قدیم عراق
۳۳	الٰہی بحرمت فقیر حسن بصری بانوا رحمۃ اللہ علیہ	صحرائے بصرہ عراق
۳۴	الٰہی بحرمت فقیر علی مرتضیٰ مشکل کشاء بانوا کرم اللہ وجہہ	نجفِ اشرف عراق
۳۵	الٰہی بحرمت سید الفقراء محمد رسول اللہ ﷺ بانواؤں کے بانوا	مدینہ منورہ سعودی عرب

وبحق جبرائیل ومیکائیل واسرافیل وعزرائیل وبحق لحمک لحمی دمک دمی جسمک جسمی اسمک اسمی تخت رب العالمین کے دیکھنے والے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ برحمتك یا ارحم الراحمین۔

شجرہ شریف بطریقہ واسطہ خواجگان قادریہ غوثیہ محبوبیہ

سیدمحی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَلَاۤ اِنَّ اَوۡلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ اَلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ كَانُوۡا يَتَّقُوۡنَ ۞ اَصۡلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرۡعُهَا فِى السَّمَآءِ ۞

یَا اِلٰہَ الۡعٰلَمِیۡنَ یَا اَنۡتَ خَیۡرُ الرَّاحِمِیۡنَ ۔ رحم فرما اپنی ذات کبریا کے واسطے

فضل کر یا رب! *میرے حال زبوں پر رحم کر ۔ ڈال* مجھ آلودہ عصیاں پر رحمت کی نظر

تجھ کو اپنی کبریائی کی قسم ہے بے نیاز ۔ *مجھ سراپا معصیت پر کر در افضال باز

تجھ کو*دیتا ہوں تیرے جود و سخا کا واسطہ ۔ فضل کا رحمت کا بخشش کا عطاکا واسطہ

تیرے رحمت کے خزانے میں کمی کوئی نہیں ۔ اور تیرے جو دوکرم کی انتہا کوئی نہیں

میں کہوں بے واسطہ کس منہ سے بخشش کے لئے ۔ کچھ وسیلے پیش کرتا ہوں سفارش کے لئے

مرشد کامل پیر سید محمد شاہ صائم بانوا ۔ مقتداء پیشوا رہنما کے واسطے

صدقہ سید محبوب علی عرف نوراللہ کامل ولی ۔ مشکلیں حل کر* میری اس بانوا کے واسطے

مرشد قل ھو اللہ شاہ صل علیٰ کے طفیل ۔ تبارک اللہ شاہ بسم اللہ نوا کے واسطے

واسطہ شاہ گلاب و یتیم شاہ اولیٰ یقین ۔ شاہ تقی اور مظفر شاہ سخا کے واسطے

اولیٰ حسین شاہ وہاب حاجی قاسم کا ملین ۔ شیخ قادرشاہ حلیم پارسا کے واسطے

خواجہ نمنیاں سیف اللہ بیراگ شاہ ۔ حسن شاہ و عبدالجبار رہنما کے واسطے

منبع جو دو سخا نورالحق عین اللہ شاہ ۔ شیخ محی الدین قادرغوث الوریٰ کے واسطے

بو سعید اور بو الحسن یعنی علی اور ابوالفرح ۔ عبد واحد شیخ شبلی باصفا کے واسطے

حضرت جنید بغداد سری سقطی عرفان بحر ۔ معروف کرخی داؤد طائی شاہ ہدا کے واسطے

پیر کامل حبیب عجمی شناسائے سر حق ۔ خواجگان حسن بصری پیشوا کے واسطے

والد حسنؓ و حسینؓ زوج بتولؓ حضرت علیؓ ۔ مشکل کشائے مرتضی شیرخداؓ کے واسطے

واسطہ سید الثقلین و کون ومکاں کے واسطے ۔ یٰسین مزمل محمد مصطفےٰ ﷺ کے واسطے

*میرا دل رکھ دائماً ذاکر بذکر اسم ذات ۔ آلؓ اور اصحابؓ احمد مجتبےٰ ﷺ کے واسطے

وقت نزع با ایمان دنیا سے اٹھانا اے خدا ۔ اور کلمہ طیب ہو زباں پر آخری شفا کیواسطے

قبر میں آرام* مجھ کو ابتداء سے ہو عطا ۔ مرشدان دین پاک مصطفےٰ کے واسطے

کر دعا مملوئے عصیاں ۔۔ کی یہ مستجاب ۔ خواجگان قادری غوث الوریٰ کے واسطے

نوٹ:☆ شجرہ شریف میں ان مقامات پر صیغہ واحد استعمال کیا گیا ہے۔ جب شجرہ شریف محفل میں پڑھا جائے تو اس مقام پر جمع کا صیغہ استعمال کیا جائے اور اکیلے پڑھتے وقت صیغہ واحد استعمال کیا جائے۔

ابن محبوب
فقیر بانوا سید محمد شاہ صائم عرف فیض الاسرار
قادری چشتی
نقشبندی سہروردی
تالیفات
تصوف
اطمینان قلب
(تعلیمات تصوف کا ابتدائی نصاب)
اوراد اسمائے سبعہ
(غوث الاعظم پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے خاص ذکر کے اسماء الٰہی)
طب
مختصر الکلیات جدید حصہ اول نصاب فاضل طب و جراحت
مختصر الکلیات جدید حصہ دوم نصاب فاضل طب و جراحت
فزیالوجی حصہ اول نصاب فاضل طب و جراحت
فزیالوجی حصہ دوم نصاب فاضل طب و جراحت
زیر تالیف
تشخیص
نبض
قارورہ
نفسیات
اعمال سورہ اخلاص
حفظان صحت
اسم اعظم
دربار عالیہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانوا مدینۃ المحبوب غوثیہ طبیہ کالج نزد پل بیاس اوکاڑہ روڈ دیپالپور ضلع اوکاڑہ
044-4546092-0334-4549292-0300-4695094

تعلیمات تصوف اور ذکر و اذکار کا تربیتی ادارہ

فیضان محبوب ﷺ جاری

مریدین واہل ذوق کیلئے
اذکار، لطائف، مشاغل، مراکبات
خصوصی توجہ کے ساتھ

اہل ذوق کو دعوت ہے

داخلہ جاری ہے

★ دعائے حزب البحر
★ درود مستغاث شریف
★ دعائے برھتی (آیت الکرسی)
★ دعوت صمدانیہ (اللہ الصمد)
★ دعائے سیفی
★ سورۃ یٰسین ★ سورۃ مزمل

اور دیگر عملیات کے لئے ریگولر اور تمام شرائط کے ساتھ بہترین انتظامات کی موجودگی میں عمل کی دعوت

اہل ذوق اولین فرصت میں رابطہ کریں

محرم الحرام ربیع الثانی رجب المرجب شوال المکرم
حزب البحر کے لئے ماہ صفر میں اعتکاف کا انتظام

2 تا 10 اپریل تربیتی نشست بسلسلہ تعلیمات تصوف، اذکار، لطائف، اشغال مراقبات

بمقام دربار عالیہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانو امدینۃ المحبوب غوثیہ طیبہ کالج نزد پل بیاس اوکاڑہ روڈ دیپالپور ضلع اوکاڑہ

044-4546092-0334-4549292-0300-4695094

22

غوث الاعظم شاہ جیلاں درمیان اولیاء
چوں محمد ﷺ درمیان انبیاء
یا غیاث المستغیثین
درکار ہے گر دو جہاں کی بہتری
کر اختیار دائمی غلامی خاندان قادری
سالانہ
عرس مبارک
19,18,17
شعبان المعظم
قطب الاقطاب شمس العارفین سراج السالکین
حضرت سید محبوب علی شاہ عرف نور اللہ شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ
17 شعبان المعظم
قرآن خوانی بر مزار مبارک بعد از نماز فجر
غسل مرقد انور ــــ 07:30 بجے صبح
چادر پوشی ــــ 08:00 بجے صبح
پرچم کشائی ــــ 08:15 بجے صبح
مختصر محفل ختم خواجگان دعا ــــ 08:20 بجے صبح
محفل میلاد شریف بعد از نماز عشاء
18 شعبان المعظم
محفل ذکر صبح بعد از نماز فجر
ختم خواجگان 07:00 بجے صبح
محفل ختم خواجگان بعد از نماز عصر
لنگر بعد از نماز مغرب
محفل سماع 11 بجے رات
19 شعبان المعظم
قرآن خوانی
بعد از نماز فجر تا 9 بجے صبح
سورۃ یٰسین ــــ 9 بجے صبح
ختم خواجگان ــــ 9:20 بجے صبح
دعائے اختتامی ــــ 1 بجے دوپہر
لنگر ــــ 01:30 بجے دوپہر
بمقام: دربار عالیہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانو امدینۃ المحبوب غوثیہ طبیہ کالج نزد پل بیاس اوکاڑہ روڈ دیپال پور ضلع اوکاڑہ
044-4546092-0334-4549292-0300-4695094

اعلیٰحضرت قبلہ پیر حکیم سید محبوب علی شاہ صاحب مدظلہ العالیہ کی تصانیف

اعلیٰحضرت قبلہ پیر حکیم سید محبوب علی شاہ صاحب مدظلہ العالیہ کی درج ذیل کتب شائع ہو چکی ہیں۔ مزید کتب کی اشاعت کا منصوبہ جاری ہے۔

علم طب

1۔ معدن شفاء سادات
2۔ ضعف باہ (رسالہ)
3۔ طبی فارماکوپیا اسلامی
4۔ موتیابند (رسالہ)
5۔ طبی فارماکوپیا غوثیہ طبیہ کالج
6۔ طبی صندوقچہ
7۔ مجربات محبوب (رسالہ محبوب طب نمبر)
8۔ خلاصۃ الطب (مطب غوثیہ)

علم تصوف

1۔ دعوت حق
2۔ وصل حق
3۔ سلوک معرفت
4۔ راہ طریقت
5۔ فیضانِ غوثیہ
6۔ تلاوت الوجود
7۔ وحدت الوجود
8۔ آئینہ سر ربانی
9۔ ضیاء القلوب

وظائف

1۔ دعائے سیفی
2۔ دعائے حزب البحر شریف
3۔ دعائے حزب البحر شریف اردو
4۔ دعائے رحمانی
5۔ ختم خواجگان
6۔ درودِ مستغاث شریف
7۔ درودِ غوثیہ
8۔ قصیدہ بردہ شریف
9۔ زینہ ولایت کبریٰ
10۔ تصرفات اسمِ اعظم
11۔ مفتاح الولایت

عملیات

1۔ معدنِ عملیات سادات
2۔ جواہر محبوب الجفر
3۔ تجلیات شمع محبوب
4۔ دعوت موکلات
5۔ تسخیر حاضری روحانیات وجنات
6۔ عین الاعیان